SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

August 8, 2023

# ڈیجیٹل مالیاتی نظام کو محفوظ بنانے کے لئے ایس ای سی پی اور ایف آئی اے کا تعاون پر اتفاق

اسلام آباد، 8 اگست: پاکستان کے ڈیجیٹل مالیاتی نظام اور انٹرنیٹ کے ذریعے مہیا کئے جانے والی مالیاتی سروسز کو سائبر کرائم اور فراڈ کے خطرات سے محفوظ بنانے کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے دونوں اداروں کے مابین تعاون کو باضابطہ شکل دینے کے لئے، مفاہمتی یاداشت سائن کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

اس بات کا فیصلہ ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں منعقدہ اجلاس میں کیا گیا جس میں ایس ای سی پی کے چیئرمین عاکف سعید اور ایف آئی اے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل اسحاق جہانگیر اور دونوں اداروں کے دیگر اعلیٰ حکام شامل تھے۔

اجلاس میں دیگر امور کے علاوہ سرمایہ کاری کی غیر قانونی اسکیموں اور قرض فراہم کرنے والی غیر منظور شدہ ڈیجیٹل ایپس کے خلاف ایکشن کو تیز کرنے اور زیر تفتیش معاملات کے بارے میں معلومات کے تبادلہ کے لیے دونوں جانب سے فوکل پرسنز کی تقرری اور رابطہ کا فوری چینل قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

ایس ای سی پی کے چیئرمین عاکف سعید نے ایف آئی اے کی ٹیم کو ڈیجیٹل قرض دینے والی ایپس کے لیے ایس ای سی پی کے ریگولیٹری فریم ورک سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈیجیٹل قرض دینے والی نان بنک فنانس کمپنیوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ قرض لینے والے صارفین کو فیس، قرض کی شرائط و ضوابط، اقساط اور چارجز کے بارے میں واضح معلومات فراہم کریں۔ اس کے علاوہ ان کمپنیوں کو صارفین کے ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اس کے علاوہ ایس ای سی پی نے پاکستان میں پرسنل لون ایپ پالیسی کو لاگو کرنے کے لیے گوگل کے تعاون سے، غیر لائسنس یافتہ اور غیر قانونی ایپس پر پابندی عائد کر دی ہے اور اب تک گوگل اپنے پلے اسٹور سے 115 غیر لائسنس یافتہ اور غیر قانونی ڈیجیٹل لینڈنگ ایپس کو ہٹا چکا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

ایف آئی اے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل اسحاق جہانگیر نے ڈیجیٹل لینڈ نگ ایپس کے لیے ایس ای سی پی کے ریگولیٹری فریم ورک کو سراہا اور افسران کے لیے ڈیجیٹل لینڈ نگ پالیسی پر تربیت اور آگاہی سیشنز کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے ڈیجیٹل فرانزک لیب کی سہولت کے قیام میں ایس ای سی پی کے ساتھ تعاون کرنے پر بھی اتفاق کیا۔